# 93208-غیر شرعی قوانین کو استعمال کرتے ہوئے خاوند کو شادی نہ کرنے دینا

## سوال

ایک باپردہ مسلمان عورت کو خاوند نے طلاق کے الفاظ بول کر طلاق دے دی یہ عورت سویسرا میں رہتی ہے، اس طلاق کے فورا بعد یہ عورت سویسری عدالت میں گئی اور خاوند سے علیحدگی طلب کر لی جس کی بنا پر خاوند کی آدھی سے زیادہ ماہانہ تنخواہ عورت کو دیے جانے کا فیصلہ ہوا.

یہ علم میں رہے کہ یہ عورت ملازمت نہیں کرتی بلکہ اپنی چار برس کی بیٹی کی دیکھ بھال اور پرورش کر رہی ہے، یہاں سویسری قانون کے مطابق یہ عدالتی فیصلہ طلاق نہیں، بلکہ طلاق تو خاوند اور بیوی کی رضامندی سے ہوتی ہے، یا پھر علیحدگی کی تاریخ سے دو برس پورے ہونے کی صورت میں طلاق ہوگی.

اب علیحدگی کو ایک برس سے زائد ہو چکا ہے اور یہ عورت اپنے حق سے زائد حاصل کر رہی ہے، اور اب تک طلاق پر رضامند ہونے سے بھی انکار کرتی ہے تا کہ اس طرح وہ اپنے خاوند کو کسی اور عورت سے شادی کرنے سے روکے رکھے، سوال یہ ہے کہ :

کیا اس بنا پر کہ ملکی قوانین کے مطابق فیصلہ کرانا ضروری ہے جہاں ہم رہتے ہیں اور شرعی عدالت میں نہ جانا صحیح ہے ؟

یہ علم میں رہے کہ بچی کا خرچ تو اس کے والد کے ذمہ ہے تو کیا اس عورت کی عدت گزرنے کے بعد ایک برس سے بھی زائد ہو چکا ہے کے بعد بھی عورت کے اخراجات اور اس کی رہائش سابقہ خاوند کے ذمہ ہے، اور ان اخراجات کا وجوب کب ختم ہوتا ہے ؟

اس عورت کا حکم کیا ہے جو خاوند کو دوسری شادی سے روکنے کے لیے سویسری قوانین کو استعمال کرے حالانکہ اسے ایک برس قبل طلاق بھی دے چکا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

غیر شرعی قوانین سے فیصلے کرانا جائز
نہیں کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

**.{تیرے پروردگار کی قسم ہے یہ اس وقت
تک مومن ہی نہیں ہو سکتے جب تک آپ کو اپنے سب اختلافات میں حاکم نہ مان لیں، اور
پھر آپ جو فیصلہ کر دیں اس کے متعلق اپنے دلوں میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں، اور اسے
بالکل تسلیم نہ کر لیں}.** النساء (65).

ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"اللہ سبحانہ وتعالی نے اپنے عزت
والے مقدس نفس کی قسم اٹھائی ہے کہ یہ لوگ اس وقت تک مومن ہی نہیں ہوسکتے جب تک
محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے سب امور میں فیصلہ کرنے والا تسلیم نہ کرلیں، اور
جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فیصلہ کردیں وہ حق ہے اسے تسلیم کرنا اوراس کے
سامنے ظاہری اور باطنی طور پر سر تسلیم خم کرنا واجب ہے اسی لیے اللہ سبحانہ وتعالی
نے فرمایا ہے :

.{ پھر آپ ان میں جو فیصلہ کردیں اسے
پوری طرح تسلیم کرلیں اوراپنے دلوں میں کوئی تنگی محسوس نہ کریں }.

یعنی : جب آپ فیصلہ کریں تو وہ اپنے
اندراور باطن میں بھی اس کی اطاعت کریں اوراپنے دلوں میں آپ کے فیصلہ سے کسی بھی
قسم کی تنگی محسوس نہ کریں، اورظاہر میں بھی اس کی اطاعت کریں، اور باطن میں اسے
مکمل طور پر غیر کسی تنگی کے تسلیم کریں، نہ تو اس کی مخالفت ہو اور نہ ہی مدافعت.

جیسا کہ حدیث میں وارد ہے :

"اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری
جان ہے تم میں اس وقت تک کوئی مومن ہی نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش اس کے تابع
نہ ہوجائے جو میں لایا ہوں " انتہی

دیکھیں : تفسیر ابن کثیر (532/1).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کہتے
ہیں :

"اس قسم کی "لا" کے ساتھ تاکید
ہے، اوراللہ کی ربوبیت کی اپنے بندوں کے لیے خاص قسم ہے جو کہ اللہ کے رسول کے
لیے اللہ کی ربوبیت ہے اس پر قسم ہے کہ جو شخص ان امور پر قائم نہیں اس میں ایمان
ہی نہیں ہے :

اول :

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا
فیصل و حاکم تسلیم کرنا کیونکہ اللہ کا فرمان ہے : "حتی کہ وہ آپ کو اپنا فیصلہ کرنے
والا مان لیں"

اس لیے جس نے بھی اللہ اور اس کے
رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کو اپنا فیصل مانا تو وہ مومن نہیں، یا
تو وہ کافر ہے ملت اسلامیہ سے خارج کافر، یا پھر وہ کافر ہے لیکن یہ کفر دون کفر
ہے.

دوسرا :

اس فیصلہ پر شرح صدر ہو یعنی شرح صدر
سے فیصلہ تسلیم کرے، وہ اس طرح کہ اپنے دلوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلہ
پر کوئی تنگی و حرج محسوس نہ کریں، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فیصلہ
کیا ہے وہ اسے خوشی و دل سے تسلیم کریں.

تیسرا :

وہ اسے مکمل اور پوری طرح تسلیم
کریں، اور اس کی مصدر سے تاکید کی گئی ہے کہ مکمل اور پوری طرح تسلیم کریں.

اس لیے میرے مسلمان بھائی آپ اس سے
بچیں کہ کہیں آپ سے ایمان کی نفی نہ ہو جائے" انتہی

دیکھیں : شرح الواسطیۃ ابن عثیمین (
.(182–181

سوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس بہن میں
بہت خیر و بھلائی ہے اور پردہ کا التزام کرنا اس خیر کی علامت ہے، اس بہن پر واجب ہوتا
ہے کہ وہ ایسے افراد سے رجوع کرے جو اسے طلاق دینے والے خاوند کے درمیان شریعت
مطہرہ کے مطابق فیصلہ کرے.

ایسے ممالک میں جہاں غیر شرعی قوانین
ہیں اور شرعی عدالتیں نہیں وہاں اس پر کیسے عمل کیا جا سکتا ہے اس کے متعلق ہم سوال

ـ

نمبر (4044) کے جواب میں پوری تفصیل بیان کر چکے ہیں، اس لیے آپ اس کا مطالعہ کریں اس میں ان شاء اللہ کفایت ہے.

رہا سوال میں وارد شدہ مسائل کے متعلق جواب تو ہم گزارش کرتے ہیں :

اول :

خاوند کی جانب سے طلاق کے الفاظ بولنے کی بنا پر طلاق واقع ہو جاتی ہے، اور اس کے لیے کسی شرعی حکم کی ضرورت نہیں، چہ جائیکہ غیر شرعی قوانین کا سہارا لیا جائے جسے اللہ نے نازل نہیں کیا.

دوم :

کسی بھی شخص کو اللہ کی جانب سے اس کے لیے مباح کردہ چیز سے روکنے کے لیے غیر شرعی قوانین کا سہارا لینا جائز نہیں، بلکہ ایسا کرنا ظلم و زیادتی ہے اس لیے اس بہن کو اللہ کا ڈر اور تقوی اختیار کرنا چاہیے، اور اسے علم ہونا چاہیے کہ ظلم روز قیامت کے اندھیروں میں سے ایک اندھیرا ہے.

سوم :

طلاق شدہ عورت کی عدت ختم ہونے کے بعد اسے کوئی نفقہ و اخراجات نہیں اور نہ ہی رہائش ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"نفقہ اور رہائش تو اس عورت کے لیے واجب ہے جو رجعی طلاق والی ہو جب تک اس سے رجوع کرنا ممکن ہے" انتہی

دیکھیں : المغنی (145/7).

چہارم :

جب یہ علم ہو چکا کہ اس عورت کو نہ تو نفقہ ملے گا اور نہ ہی رہائش تو پھر غیر شرعی قانون کی بنا پر جو کچھ وہ اس شخص

سے لے رہی ہے اور وہ شخص اسے دینے پر راضی نہیں تو یہ حرام ہے.

کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان

ہے :

**{اے ایمان والو تم آپس میں ایک دوسرے
کا مال باطل طریقہ سے مت کھاؤ، الا یہ کہ وہ آپس میں رضامندی کے ساتھ تجارت ہو
}** النساء (29).

اور اس لیے بھی کہ نبی کریم صلی اللہ
علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"ہر مسلمان شخص کا دوسرے مسلمان پر
اس کا خون بھی حرام ہے اور اس کا مال بھی اور اس کی عزت بھی حرام ہے"

اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے.

اس لیے اس عورت کو چاہیے کہ اس نے جو
کچھ لیا ہے وہ اسے واپس کر دے، یا پھر اس سے معاف کروائے.

پنجم :

سات برس کی عمر سے قبل بچی کی پرورش
کا حق ماں کو ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ جب ماں مسلمان ہو، اور امانتدار ہو اور جب تک
وہ کسی دوسرے شخص سے شادی نہ کر لے.

امام ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"جب دونوں خاوند اور بیوی علیحدہ ہو
جائیں اور ان کی اولاد بھی ہو یا پھر معذور بچہ ہو تو اس کی کفالت کے لیے ماں زیادہ
حقدار ہے جب اس ماں میں شرائط پوری پائی جائیں، چاہے بچہ ہو یا بچی، یحیی انصاری اور
امام زہری، ثوری، مالک، شافعی، ابو ثور، اسحاق، اور اصحاب الرائے کا یہی قول ہے، اس
میں ہمیں کسی اختلاف کا علم نہیں" انتہی

دیکھیں : المغنی (190/8).

شیم :

اگر بچی ماں کی پرورش میں ہے تو بچی
کا نفقہ واخراجات شرعی طور پر اس کے والد کے ذمہ ہے، اس کی دلیل صحیح بخاری اور
صحیح مسلم کی درج ذیل حدیث ہے :

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی
ہیں کہ ھند بن عتبہ رضی اللہ تعالی عنہا نے عرض کیا :

اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ
وسلم ابوسفیان ایک کنجوس اور بخیل شخص ہے وہ مجھے اتنا مال نہیں دیتا جو میرے اور
میری اولاد کے لیے کافی ہو جائے، لیکن وہی میں جو میں اس کے علم کے بغیر مال لے
لیتی ہوں.

تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا :

"تم اچھے طریقہ سے اتنا مال لے لیا
کرو جو تمہیں اور تمہاری اولاد کو کافی ہو"

اس حدیث میں یہ بیان ہوا ہے کہ اولاد
کا نفقہ باپ کے ذمہ واجب ہے، اور اس نفقہ کا اندازہ کفائت کے مطابق ہو گا، عورت کے
لیے جائز نہیں کہ وہ کافی اخراجات سے زائد لے.

واللہ اعلم.